© rasailojaraid.com

مرکزِ علم دارالعلوم حقانیہ ایک عظیم علمی درسگاہ ہے مگر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ نے اسے جہاد افغانستان کی چھاؤنی بنادیا ہے۔ افغانستان کا ہر مجاہد، ہر سپاہی، ہر کارکن، شہری اور بچہ بچہ ان کا ممنون ہے کہ ان کی مساعی توجہ اور فیض و برکت سے علم و معرفت کا سلسلہ چلا اور جہاد کے جذبات کی انگیخت ہوئی۔ مجاہدین کا لازوال تاریخی کردار اور مخلصانہ اعمال حضرت شیخ الحدیث قدس سرہ العزیز کے لئے عظیم صدقہ جاریہ ہیں۔

## افغان رہنما حضرت مولانا محمد یونس خالص کی امریکی صدر ریگن سے ملاقات اور دعوت اسلام

جہاد افغانستان کی مناسبت سے احقر نے عرض کیا۔ حضرت دارالعلوم حقانیہ اور آپ حضرات کی خصوصی تربیت کے بڑے اثرات اور انقلابی نتائج ظاہر ہورہے ہیں، یہ پرسوں جو اقوام متحدہ میں افغان مجاہد رہنما محمد یونس خالص نے امریکہ کے صدر ریگن سے ملاقات کی اور انہیں سات جماعتوں کی قیادت اور لیڈرشپ بھی حاصل ہے یہ سب دارالعلوم کے برکات ہیں۔

ارشاد فرمایا جی ہاں! ہماری کیا حیثیت ہے اور ہمارے کیا برکات ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ نے پردہ ڈالا ہوا ہے، یہ مولانا محمد یونس خالص صاحب کا اپنا اخلاص وللھیت اور دیانت وجذبہ جہاد ہے جس نے ان کو اس مقام تک پہونچایا ہے انہوں نے پوری دنیا کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا ہے، انہوں نے بتایا کہ میں صدر ریگن کو اسلام کی دعوت بھی دوں گا، ان کی ملاقات اور مذاکرات بڑے جرأت مندانہ اور اپنے مؤقف پر استقامت کے ساتھ ساتھ اللہ کے جاہ وجلال پر ان کی نظر تھی۔ اس لئے اللہ نے انہیں کامیابی بخشی۔ اس سے مجاہدین کے حوصلے بلند ہوئے ہیں، مولانا محمد یونس خالص تو دارالعلوم کے قدیم فاضل ہیں، ابھی دارالعلوم مسجد میں تھا، انہوں نے دو دفعہ دورۂ حدیث پڑھا ہے، منطق اور فلسفہ کی بھی تمام کتابیں پڑھیں، وہ زمانہ طالب علمی میں یہاں کی تعلیمی پالیسی جماعتی کام اور دارالعلوم کے نظام کو دیکھ کر کبھی کبھی کہا کرتے کہ جب خدا مجھے حصول علم میں کامیابی عطا فرمائے گا تو میں بھی ایک جماعت اور اس طرح خدمت دین کا ایک منظم پروگرام بناؤں گا۔

کیا خبر تھی کہ وہ اکوڑہ کے اس گمنام محلے میں لوگوں کے ٹکڑوں پر پلنے والے یہ فقیر اور درویش اپنے لباس میں شیر ہیں، مستقبل کے عظیم مجاہد اور انقلابی رہنما ہیں۔ باری تعالیٰ فتح مندیوں اور کامیابیوں سے سرفراز فرمائے۔ انہوں نے تو ہماری روح کو تازہ کردیا ہے۔ اب شدت سے انکی واپسی اور ملاقات کا انتظار ہے، باری تعالیٰ اسے تمام فضلاء حقانیہ مجاہدین اور افغان رہنماؤں کو عافیت سے رکھے اور کامیابیاں عطا فرمائے۔ (صحبے با اہل حق صفحہ نمبر ۲۶۱، ۲۶۲)

**افغان مجاہدین سے نسبت خدمت بھی آخرت کا وسیلہ نجات ہے:**

آج حضرت اقدس شیخ الحدیث مدظلہ مولانا محمد یونس خالص کی کامیابی کی وجہ سے بڑی بشاشت اور جمال

© rasailojaraid.com